PARKER
WELLBORE

Energy. Well engineered.

# ضابطه اخلاق



# قیادت کا عزم



**ہم Parker Wellbore کا نیا ضابطہ اخلاق بخوشی پیش کر رہے ہیں۔ ہم نے اسے واضح تر، آسان تر، مضبوط تر بنانے نیز اعتماد، تعاون، ملکیت، جدت اور عزم جیسی اپنی اقدار سے زیادہ واضح طور پر منسلک کرنے کے لیے دوبارہ تحریر کیا ہے۔**

Parker Wellbore میں اخلاقیات اور دیانت داری پر مبنی ہماری ثقافت کی مضبوطی اور اسے گہرا بنانے کے سفر کو جاری رکھنے کی اہمیت کی وجہ سے ، میں اس ضابطے کو ذاتی طور پر متعارف کروا رہا ہوں۔ Parker Wellbore کے سفر کے اس مرحلے پر، یہ امر انتہائی اہم ہے کہ ہم خود کو اعلیٰ ترین معیارات یاد دلاتے رہیں کیونکہ ہمیں اپنی کامیابی ہمیشہ صاف گوئی اور ایمانداری، اپنے وعدوں پر قائم رہنے اور درست کام کر کے حاصل کرنی چاہیے۔ دیانت داری کا مضبوط رجحان کاروبار کی زیادہ بہتر کارکردگی کا سبب ہوتا ہے اور یہ ہماری کامیابی کے لیے ناگزیر ہے۔ یہ وہ چیز ہے کہ جس کی میں ذاتی طور پر پابندی کرتا ہوں اور اپنے ہر ایک ملازم سے بھی اس کی توقع کرتا ہوں اور مطالبہ کرتا ہوں۔

میں آپ سے مطالبہ کرتا ہوں کہ آپ اس ضابطے میں طے کردہ اصولوں پر عمل درآمد کے لیے خود کو — اور اپنے ساتھیوں کو — قابلِ مواخذہ سمجھتے رہیں۔ اگر آپ کسی کے طرزِ عمل کے حوالے سے خدشات کا شکار ہیں، تو ہم چاہتے ہیں کہ آپ اس بارے میں اپنی آواز اٹھائیں تا کہ ہم اس خدشے سے بروقت اور موزوں طریقے سے نمٹ سکیں۔ چونکہ ہم سمجھتے ہیں کہ آواز اٹھانا ہمیشہ اتنا آسان یا باعثِ آسودگی نہیں ہوتا ہے ، لہٰذا ہم خدشات کے اظہار کے لیے متعدد، مختلف طرح کے طریقوں کی پیشکش کرتے ہیں اور آپ کے ساتھ اپنے اس عزم پر مضبوطی کے ساتھ ڈٹے ہوئے ہیں کہ کسی بھی قسم کی انتقامی کارروائی برداشت نہیں کی جائے گی۔

براہِ کرم اس ضابطے کا مطالعہ کریں اور اسے خود سے قریب رکھیں اور یاد رکھیں کہ ہمیں اپنی اقدار کو ہر وقت اپنے ذہن میں تازہ رکھنا چاہیے۔ ہم نے ایک ساتھ طویل سفر طے کیا ہے ، اور مسلسل جاری ٹیم ورک کے ذریعے ، ہم ایک عالمی مارکیٹ لیڈر کے اپنے ہدف کو چھو سکتے ہیں۔

**سینڈی ایسلمنٹ (Sandy Esslemont)**

**صدر اور CEO**

# CCO کی جانب سے پیغام



**Parker Wellbore کی چیف کمپلائنس آفیسر ہونے کے ناطے، میں ہمارے کاروبار کو محفوظ طور پر، قانونی طریقے سے، ایمانداری اور دیانت داری کے ساتھ، اور ہماری کمپنی کے معیارات کے مطابق چلانے کی پابند ہوں تا کہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ ہم درست سطح پر تمام عوامل کو مدِنظر رکھتے ہوئے فیصلے کرتے ہیں۔**

مجھے Parker Wellbore کے ہر ڈائریکٹر، افسر، ملازم، الحاق یافتہ، ذیلی ادارے، کنٹریکٹر اور ایجنٹ سے بھی مساوی عزم کی توقع ہے۔ اور اس میں کوئی تخصیص نہیں ہے۔ Parker Wellbore کی بورڈ آف ڈائریکٹرز کی آڈٹ کمیٹی کو براہِ راست رپورٹ کرنے کی پابند ہونے کے ناطے، میں یقینی بناتی ہوں کہ ہماری کاروباری دیانتداری اور تعمیلی کردار آزادی کے ساتھ فعال رہے اور ہمیں کسی بھی قسم کا تعمیلی مسئلہ درپیش ہونے کی صورت میں یہ خودمختاری کے ساتھ اس سے نمٹ سکے۔

Parker Wellbore کا ضابطہ اخلاق ہمارے قانونی، تعمیلی اور اخلاقی معیارات، نیز اس امر کا احاطہ کرتا ہے کہ ہم اپنے افعال اور اپنے لوگوں سے کیا توقع رکھتے ہیں، خواہ وہ کسی بھی مقام یا کسی بھی عہدے پر ہوں۔ یہ تاجروں، ساتھیوں، شراکت داروں، سرکاری حکام و دیگر کے ساتھ کاروباری معاملات طے کرتے ہوئے ہمارے مشن، ویژن اور ہماری بنیادی اقدار کی تشکیل کرتا ہے۔ یہ ضابطہ Parker Wellbore کی پالیسیوں میں بلند ترین مقام رکھتا ہے۔ ہم سب اس ضابطے کو پڑھنے، سمجھنے اور ہمہ وقت اس کی تعمیل کے لیے ذاتی طور پر ذمہ دار ہیں۔ صرف میں — آڈٹ کمیٹی سے مشاورت کے بعد — ضابطے سے استثنیٰ یا انحراف کی اجازت دے سکتی ہوں۔

یہ ضابطہ اگرچہ ان قانونی، تعمیلی اور اخلاقی مسائل سے نمٹتا ہے جن کا آپ کو روزمرہ کاموں کے دوران سامنا ہو سکتا ہے، تاہم اگر کسی مخصوص صورتحال کے حوالے سے آپ کا کوئی سوال یا کوئی خدشہ ہے تو آپ کو اپنے سپروائزر، کاروباری دیانت داری و تعمیل کے محکمے (Business Integrity & Compliance Department) یا پھر اخلاقیات کی ہاٹ لائن پر رابطہ کرنا چاہیے۔ ممکنہ خدشات یا خلاف ورزیوں کے بارے میں آگہی پیدا کرنا ہمارے ماحول کا حصہ ہے، اور ہم خلوصِ نیت سے کی گئیں اطلاعات کے خلاف انتقامی کارروائی کبھی بھی برداشت نہیں کریں گے۔

Parker Wellbore نے دیانت داری کی بنیاد پر کامیابی سے ایک میراث تشکیل دی ہے۔ درست فیصلہ سازی میں Parker Wellbore کے طریقے سے کام کرنا شامل ہوتا ہے۔ مسلسل تبدیل ہوتے ماحول میں، اخلاقیات اور دیانت داری کے لیے آپ کا عزم ہمارے اہداف کے حصول کے لیے انتہائی اہم ہے۔

**نتالی اسکاٹ (Natalie Scott)**
چیف کمپلائنس آفیسر

# فہرستِ مضامین


مشن، ویژن، اور اقدار 4

دیانت داری عملی شکل میں 4

خدشات کے بارے میں اطلاع اور انتقامی کارروائی کی مخالفت 4

ہم ESG میں یقین رکھتے ہیں 5-6

بین الاقوامی تجارت 7

اپنے کاروبار کو ذمہ داری کے ساتھ چلانا 8

ٹیکنالوجی کے اعتبار سے جدید ترین کمپنی 8

مفادات میں تضاد 9

اندرونی کنٹرولز 9

تفریح، سفر، تحائف اور عطیات 9

فریقین ثالث سے تعلقات 10

# مشن، ویژن اور بنیادی اقدار

اخلاقیات کی حامل اور قابلِ مواخذہ جائے کار کی تشکیل اور اسے برقرار رکھنے کے لیے بنیاد کے طور پر، Parker Wellbore (“Parker”) کا ضابطہ اخلاق (”ضابطہ“) ہماری مشترکہ اقدار پر قائم ہے اور Parker پارکر کے مجموعی مشن اور ویژن کو مزید مضبوط کرتا ہے۔ ہم اپنے افعال میں رہنمائی کے لیے اپنے مشن، ویژن، اقدار اور ضابطے پر انحصار کرتے ہیں۔

## دیانت داری عملی شکل میں

Parker اور اس کے ملازمین کو لازماً ہمیشہ دیانت داری کے ساتھ کام لینا چاہیے۔ یہ ضابطہ اگرچہ ہمارے رویوں کے لیے ایک گائیڈ ہے لیکن یہ ہمیں ممکنہ طور پر درپیش ہونے والی تمام صورتحال کا احاطہ نہیں کرتا۔ تاہم، یہ ہمیں یہ سوچنے میں مدد دے سکتا ہے کہ ہم اپنی اقدار کو کیسے اپنے رویوں میں شامل کر سکتے ہیں اور اپنے فیصلے کیسے کر سکتے ہیں۔ ہم ہمیشہ قانون اور ضابطوں کی پابندی کرتے ہیں، اور اس کے ساتھ ساتھ Parker کی پالیسیوں، دستورِ عمل، ہدایات نیز اعتماد اور ملکیت کے حوالے سے عزم کی پیروی کرتے ہیں۔

## خدشات کے بارے میں اطلاع اور انتقامی کارروائی کی مخالفت

ضابطے کے حوالے سے اگر آپ کے کوئی سوالات یا خدشات ہیں، تو سب سے پہلے آپ کو اپنے سپروائزر سے رابطہ کرنا چاہیے۔ اگر آپ کو پھر بھی مزید معاونت کی ضرورت ہو یا آپ اپنے سپروائزر یا مقامی انتظامیہ کے سامنے اپنے سوالات یا خدشات اٹھانے میں جھجھک کا شکار ہوں، تو آپ کاروباری دیانت داری اور تعمیل کے محکمے سے رابطہ کر سکتے ہیں یا ہماری اخلاقیات کی ہاٹ لائن کے ذریعے ایک رپورٹ جمع کروا سکتے ہیں۔ آپ بے نامی رپورٹ جمع کروا سکتے ہیں۔

Parker کسی بھی ایسے ملازم کے خلاف انتقامی کارروائی سے روکتی ہے جس نے ہمارے کسی ضابطے، ہماری پالیسیوں یا پھر قانون کی کسی ممکنہ خلاف ورزی کے متعلق خلوصِ نیت سے اطلاع دی ہو۔ Parker کسی بھی انتقامی کارروائی میں ملوث ہونے والے شخص کے خلاف تادیبی کارروائی عمل میں لائے گا، جس میں ملازمت سے برخواستگی تک اور اس کے سمیت سزائیں شامل ہیں۔

### ضابطے کے تحت ملازم کی ذمہ داریاں

- مثال قائم کرنے کے ذریعے اور اخلاقی رویوں کے حوالے سے ایک عملی نمونہ کی شکل اختیار کرنے کے ذریعے تعمیل کو فروغ۔
- ہمارے ملازمین کو انتقامی کارروائیوں سے محفوظ رکھنا۔
- یقینی بنانا کہ ہم اپنی پالیسیوں اور قابلِ نفاذ قوانین کے مطابق سرگرمیاں سرانجام دیتے ہیں۔
- ٹیم کے اراکین کو ان کی ذمہ داریوں کے لیے جوابدہ ٹھہرانا۔
- تمام اراکین سے منصفانہ اور احترام کا حامل سلوک کرنا۔
- مفاد کے تضاد کے اظہار یا دیگر نامناسب امور سے گریز۔
- سیکھنے، رہنمائی لینے اور اپنے سپروائزرز یا ہماری اخلاقیات کی ہاٹ لائن پر اپنے خدشات کے اظہار کے لیے ملازمین کی حوصلہ افزائی کرنا۔

PARKER WELLBORE

### ویژن

Parker کا ویژن ہے کہ وہ کنوؤں کی کھدائی سے متعلقہ تعمیرات میں لاحق خطرات میں کمی اور کارکردگی میں بہتری کے حوالے سے عالمی سطح پر ایک اختیاری شراکت دار بن جائے۔

### مشن

Parker کا مشن ہے کہ وہ ارزاں ترین نرخوں پر ویل بور کی مسلسل اور محفوظ طور پر تعمیر کے سلسلے میں اپنے ہر صارف کے ساتھ مستقل شراکت دار بن جائے۔

### بنیادی اقدار

ہمارا ماحول اقدار کے مضبوط مجموعے کی بنیاد پر قائم ہے جس پر ہمارے ملازمین روزانہ عمل کرتے ہیں۔ اعتماد، تعاون، ملکیت، جدت اور عزم پر مبنی ہماری بنیادی اقدار ہمیں درست فیصلہ سازی، اپنے صارفین کے ساتھ تعاون کرنے، شراکت داریوں کے حصول میں، حل تلاش کرنے میں، کارکردگی کے نتائج کو بہتر بنانے اور اپنی حدود کے دائرہ کار کو بڑھانے میں ہمارا ساتھ دیتی ہیں۔

# ہم ESG میں یقین رکھتے ہیں

**چونکہ ہم اس امر کی اہمیت کا ادراک رکھتے ہیں کہ بطور کمپنی ہم کس طرح استحکام حاصل کرتے ہیں، لہٰذا ہم اخلاقیات اور ایک دوسرے کے ساتھ، اپنے صارفین اور تمام تر متعلقہ افراد کے ساتھ دیانت داری پر مبنی اپنی ثقافت کے اظہار کے لیے مسلسل کام کرتے ہیں۔**

**ماحول:** اپنے ماحول کا تحفظ کرنا

**سماجی:** لوگوں، مشمولیت پر مبنی ماحول، اور انسانی حقوق کا احترام

**گورننس:** بدعنوانی کی روک تھام اور آواز اٹھانا

## اپنے ماحول کا تحفظ کرنا

Parker میں، اپنے افعال کے دوران اور اُن کمیونٹیز میں جہاں ہم رہتے اور کام کرتے ہیں، ہم ماحول کے تحفظ کو ترجیح دیتے ہیں۔ Parker Wellbore دنیا کے نازک ترین اور شدید موسمی کیفیات کے حامل خطوں میں ڈرلنگ کی صنعت میں سرِفہرست ہونے کی پہچان رکھتی ہے۔ ہماری مسلسل مضبوط کارکردگی ہمارے جامع ماحولیاتی تعمیلی پروگرامز، کام کرنے کے بہترین طرزعمل کے تناظر، بہتر ٹیکنالوجی اور تربیت یافتہ اور مسابقتی ملازمین کا نتیجہ ہے۔ معیاری طریقہ کار اور دستورِ عمل ہمارے ملازمین کو ہماری توقعات اور ماحول کے تحفظ کے لیے ہمارے تقاضوں سے بھرپور آگہی دیتے ہیں اور ہمارے آپریشنز کے ساتھ وابستہ خطرات سے نمٹنے کی ہماری صلاحیتوں کو بہتر بناتے ہیں۔

## ماحولیاتی تبدیلی کا منصوبہ

Parker زیر زمین توانائی کے آج اور کل کے، جہاں کہیں بھی اور جو بھی مسائل ہوں، انہیں حل کرنے میں مدد کے لیے تیار ہے۔ زیریں سطح تک رسائی ہی توانائی کی سلامتی اور انتقالِ توانائی کے لیے کلیدی نکتہ ہے۔
عالمی معیشت میں تیل اور گیس کی اہمیت کو بھی اپنی نظروں میں رکھنے کے ساتھ ساتھ، Parker ویل بورز کی تعمیر کے لیے اپنی مہارتوں کی پیشکش کے ذریعے انتقالِ توانائی کے محکمے میں تیزی کے ساتھ توسیع کر رہی ہے۔

## صحت اور تحفظ

Parker اپنے ملازمین کی صحت اور تحفظ کا احساس کرتی ہے۔ ہمیں صحت اور سلامتی کی اپنی پالیسیوں کی لازماً پیروی کرنی چاہیئے اور کام کرنے کے غیر محفوظ ماحول یا پالیسیوں کی خلاف ورزیوں کے بارے میں فوری طور پر رپورٹ کرنا چاہیے۔

## بدعنوانی کی روک تھام اور آواز اٹھانا

Parker صرف اپنے شیئر ہولڈرز کی بجائے تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ بنیادی عزم پر قائم ایک کارپوریٹ مقصد کے ذریعے سے ایک مثبت سماجی اثر قائم کرنے کو فروغ دیتی ہے۔ ہماری کامیابی ہمیشہ درست قابلیت، اعتماد اور ایمانداری کی بنیاد پر حاصل ہونی چاہیے۔ Parker میں آپ خواہ کسی بھی عہدے پر ہوں، یہاں رشوت، بدعنوانی، دھوکہ دہی یا کسی بھی قسم کے دیگر غیر قانونی طرزِ عمل کو بالکل برداشت نہ کرنے کی پالیسی موجود ہے۔ وہ سب جو Parker کی ایماء پر کاروبار کرتے ہیں، Parker ان سے بھی توقع کرتی ہے کہ وہ اس کے قابلِ نفاذ انسدادِ رشوت و بدعنوانی کے قوانین کی تعمیل کریں۔

**سوال:** ایک منصوبہ جس پر میں کام کر رہا/رہی ہوں، اس کے حوالے سے ایک مشیر نے تجویز دی ہے کہ درکار لائسنس کے لیے کارروائی تیز کرنے کے لیے ایک ”کارروائی کی فیس“ مخصوص سرکاری حکام کو دی جانی چاہیے۔ ہم سرکاری حکام سے کچھ غیر قانونی کام کرنے کی درخواست نہیں کر رہے ہیں؛
ہم صرف کارروائی کو تیز تر کرنا چاہتے ہیں تا کہ منصوبے کی حتمی تاریخ تک تکمیل کر سکیں۔ مزید برآں، ادائیگی Parker کی جانب سے نہیں بلکہ مشیر کی جانب سے کی جائے گی۔ پھر Parker معاہدے کے تحت ایک اضافی مشاورتی فیس ادا کرے گی۔ کیا "کارروائی کی فیس" ادا کرنا ٹھیک ہے؟

**جواب:** نہیں۔ ”تیز تر“ یا ”سہولت کاری“ کے لیے ادائیگیوں کی Parker میں اجازت نہیں۔ وہ زیادہ تر ممالک جہاں ہم کام کرتے ہیں وہاں بھی یہ غیر قانونی ہیں کیونکہ یہ رشوت ہیں۔ Parker رشوت ستانی یا بدعنوانی میں ملوث نہیں ہوتی، نہ ہی ہم اپنے ایجنٹس، مشیران، دیگر کاروباری پارٹنرز کو ہماری ایماء پر رشوت دینے کی اجازت دیتے ہیں۔ مشیر کی پیشکش ایک سنگین خلاف ورزی ہے اور اسے فوری طور پر سپروائزر، کاروباری دیانت داری اور تعمیل کے محکمے، یا اخلاقیات کی ہاٹ لائن پر رپورٹ کیا جانا چاہیے۔

## لوگوں، مشمولیت پر مبنی ماحول، اور انسانی حقوق کا احترام

### لوگوں کا احترام

Parker میں ہم ایک دوسرے کا احترام کرتے ہیں، اختلافات کی قدر کرتے ہیں، اور تعصب، خوف اور ہراسانی سے پاک جامعیت پر مبنی ماحول کے لیے کوشاں ہیں۔ جنس اور جنسی شناخت/اظہار، جنسی میلان، قومیت، مذہب، نیز شناخت کی دیگر جہتوں جو کچھ معاشروں کی جانب سے آبائیت، رنگ، ثقافت یا نسل کی بنیاد پر وضع کی گئیں اور تشکیل دی گئی ہوں، ان کی بنیاد پر ناروا سلوک، یا انسانی خصوصیات میں پائے جانے والے فرق کی بنیاد پر لوگوں کے ساتھ کسی بھی قسم کا ناروا سلوک، قابل برداشت نہیں۔

**سوال: میرے/میری باس بعض اوقات میرا ساتھ ایسا سلوک کرتے/کرتی ہیں جو مجھے بے چین کر دیتا ہے – جب کوئی دوسرا قریب نہ ہو تو ڈرنکس کے لیے باہر جانے یا معاشقہ شروع کرنے کے بارے میں بات چیت شروع کر دیتے/دیتی ہیں۔ مجھے کیا کرنا چاہیے؟**

**جواب:** اگر آپ کو اپنے باس کا رویہ نامناسب لگتا ہے ، تو اس کا بہترین حل سب سے پہلے اس بارے میں اپنے باس کو بتانا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کا/کی باس اس امر سے باخبر نہ ہو کہ ان کا رویہ آپ کو پریشان کرتا ہے۔ تاہم، اگر اس طرح مسئلہ حل نہ ہو، یا اگر آپ اس بارے میں براہِ راست اپنے/اپنی باس سے بات کرنے میں آرام دہ محسوس نہ کرتے/کرتی ہوں، تو آپ اپنے خدشات ہیومن ریسورسز ڈیپارٹمنٹ یا اخلاقیات کی ہاٹ لائن پر رپورٹ کر سکتے/سکتی ہیں۔

### مشمولیت پر مبنی ماحول: تعصب اور ہراسانی برداشت نہیں کی جائے گی

ہمیں کام کی جگہ پر ممکنہ تعصب اور ہراسانی کے حوالے سے چوکس رہنا چاہیے۔ ہمیں ہر کسی – خاص کر سپروائزرز اور ایگزیکٹوز سے – یہ توقع رکھنی چاہیے کہ وہ کام کی جگہ پر ممکنہ تعصب اور ہراسانی روکنے کے لیے موزوں اقدام اٹھائیں گے۔

**سوال: میرے ساتھیوں کو حال ہی میں پتہ چلا ہے کہ میں ہم جنس پرست ہوں اور میں نے اپنی جنس سے تعلق رکھنے والے ساتھی کے ساتھ شادی کر رکھی ہے۔ انہوں نے مجھے اپنی تقریبات میں مدعو کرنا چھوڑ دیا ہے اور مجھے ایسے پراجیکٹس میں شامل نہیں کر رہے جن کے لیے میں سب سے زیادہ اہلیت رکھتا/رکھتی ہوں۔ مجھے کیا کرنا چاہیے؟**

**جواب:** Parker میں کسی بھی شکل میں – بشمول جنسی میلان کے خلاف – تعصب کی سختی سے ممانعت ہے۔ ہم تمام طرح کے جنسی میلان رکھنے والے ملازمین کا خیر مقدم کرتے اور ان کی معاونت کرتے ہیں۔ آپ اپنے خدشات ہیومن ریسورسز ڈیپارٹمنٹ یا اخلاقیات کی ہاٹ لائن پر رپورٹ کر سکتے ہیں۔

### انسانی حقوق

کام کرنے کی مناسب اور محفوظ کیفیات، جبری اور طفلی مزدوری کی ممانعت، اور کمیونٹی کے لیے احترام نیز تحفظ بنیادی انسانی حقوق میں شامل ہے۔ Parker میں ہم کاروبار اور انسانی حقوق پر اقوام متحدہ کے رہنما اصولوں کی روشنی میں عالمی سطح پر تسلیم شدہ تمام انسانی حقوق کا احترام کرتے ہیں۔ ہم اپنے کاروبار اور متعلقہ سرگرمیوں سے متاثر ہونے والے ہر ایک فرد سے احترام کے ساتھ برتاؤ کرنا چاہتے ہیں۔

**سوال: میں نے ایک فراہم کنندہ کے سہولتی مرکز کا دورہ کیا تھا۔ فراہم کنندہ کے سہولتی مرکز میں، میں نے ایک ایسا کارکن دیکھا جو بہت کم عمر دکھائی دیتا تھا۔ مجھے کیا کرنا چاہیے؟**

**جواب:** اپنے سپروائزر کو فوری طور پر مطلع کریں؛ اس کے بعد کاروباری دیانت داری و تعمیل کے محکمے ، محکمۂ قانون، یا سپلائی چین مینجمنٹ سے رابطہ کریں۔ اگر آپ ایسی کیفیات یا حالات دیکھیں جو کم عمر بچوں سے مزدوری کا اشارہ دیتے ہوں، تو آپ Parker کے رپورٹنگ کے ذرائع، جیسا کہ اخلاقیات کی ہاٹ لائن کا استعمال بھی کر سکتے ہیں۔



# بین الاقوامی تجارت

**Parker میں، ہمیں کسٹمز اور درآمدی تقاضوں، معاشی پابندیوں، برآمد اور دوبارہ برآمد کی روک تھام، انسداد بائیکاٹ قوانین اور مالی بدعنوانی کے قوانین کی تعمیل کرنی ہو گی۔**

## درآمدات اور برآمدات

**سوال:** درآمدات اور برآمدات کیا ہیں؟

**جواب:** مادی اشیاء، سافٹ ویئرز، یا ٹیکنالوجی کی کسی ایک ملک سے دوسرے ملک میں آمد یا اس سے روانگی۔ بعض حالات میں، اس میں فائلز کی منتقلی اور الیکٹرانک منتقلیاں بھی شامل ہو سکتی ہیں۔

**سوال:** مجھے صارف کو ایک ہائی پریسیژن مشیننگ ٹول ارسال کرنے کے لیے کہا گیا تھا۔ مجھے کیا کرنا چاہیے؟

**جواب:** اپنے براہِ راست سپروائزر اور سپلائی چین مینجمنٹ سے رابطہ کریں۔ کچھ مخصوص تجارتی آئٹمز کی ترسیل یا کسی دوسرے طریقے سے منتقلی کے بارے میں یہ سمجھا جا سکتا ہے کہ وہ عسکری استعمال کے لیے ہیں، یا پھر ان پر دیگر برآمدی پابندیاں ہیں۔ آپ کو ترسیل سے قبل سپلائی چین مینجمنٹ کی جانب سے منظوری لازماً حاصل کرنا ہو گی۔

## بذریعہ ہینڈ کیری سامان کی ترسیل

**سوال:** **میں کل Parker کی GeoMarkets میں سے ایک میں جاری آپریشن کے دورے کے لیے بین الاقوامی فلائٹ لے رہا/رہی ہوں۔ آخری لمحات میں، مجھ سے کہا گیا ہے کہ میں جہاز پر ایک چیز اپنے ہمراہ ہینڈ کیری میں لے جاؤں۔ ایک سائٹ پر Parker کے ملکیتی اثاثوں میں سے ایک میں میکانکی اور تکنیکی مسئلہ ہے، اور یہ آئٹم کاروبار میں خلل پیدا ہونے سے بچنے کے لیے ضروری ہے۔ یہ اگرچہ قدرے بھاری ہے اور اس میں بہت سے تار ہیں، یہ آئٹم بہت چھوٹی ہے۔ یہ آئٹم میرے زیر استعمال بیک میں باآسانی سما جائے گا یا میں ایئرپورٹ پر ایک زیادہ بڑا بیگ چیک کروا سکتا/ سکتی ہوں۔ مجھے کیا کرنا چاہیے؟**

**جواب:** اپنی سپلائی چین مینجمنٹ اور اپنے GeoMarket کے وکیل سے مشورہ کریں۔ جب کبھی بھی ممکن ہو، ہمیں بین الاقوامی پروازوں پر ہینڈ کیری کے ذریعے طریقوں میں چھوٹے پیکٹوں کی فضائی کوریئرز کے ذریعے ترسیل یا پھر روایتی فضائی مال برداری شامل ہیں۔ چونکہ آپ اس آئٹم کے لیے بطور کوریئر کردار ادا کر رہے ہوں گے جو آپ کے ہمراہ منزلِ مقصود تک جا رہا ہے، لہذا سپلائی چین مینجمنٹ کو آپ کی سرگرمیوں کا پیشگی جائزہ لینا ہو گا تا کہ کمپنی کی پالیسیوں کے علاوہ مقامی اور غیر ملکی نافذالعمل قوانین کی پیروی یقینی بنائی جا سکے۔

## انسدادِ بائیکاٹ قوانین

**سوال:** **میرے پاس ایک ایسا صارف ہے جو چاہتا ہے کہ ہم کچھ اشیاء کو ایشیا ترسیل کریں، لیکن صارف مجھے حتمی منزل نہیں بتانا چاہتا۔ مجھے کیا کرنا چاہیے؟**


**جواب:** بہت سے ممالک نے دوسرے ممالک کے خلاف معاشی پابندیاں لگا رکھی ہیں جو کہ بعض صورتوں میں ہمیں ان مخصوص ممالک میں اشیاء کی درآمد سے روکتی ہیں۔ اپنے پروجیکٹ کو جانیں (Know Your Project، KYP) نامی عمل کی تکمیل لازمی ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جائے کہ اشیاء اور خدمات پابندی کے شکار کسی فریقین تک یا پابندی کے شکار کسی ملک میں نہ پہنچ جائیں۔ مثال کے طور پر، فی الحال شمالی کوریا کے خلاف معاشی پابندیاں ہیں۔ لہٰذا، ہم کو ہمیشہ یہ لازماً یقینی بنانا ہو گا کہ ہم اپنی ترسیلات کی حتمی منزل جانتے ہیں۔

## انسدادِ مالی بدعنوانی

Parker مالی بدعنوانی اور دہشت گردی کی مالی معاونت کے خلاف نافذالعمل قوانین، اصول و ضوابط کی تعمیل کے لیے پُرعزم ہے۔ Parker کسی قسم کی مالی بدعنوانی یا دہشت گردی کی مالی معاونت کو برداشت، اس میں سہولت کاری یا حمایت نہیں کرے گی۔

**سوال:** مالی بدعنوانی کیا ہے؟

**جواب:** مالی بدعنوانی کسی بھی ایسے کاروباری تعلق میں ہو سکتی ہے جس میں بشمول صارفین، فراہم کنندگان، کاروباری شراکت داروں اور ایجنٹس کی جانب سے رقوم کی منتقلی یا وصولی شامل ہو۔ اس میں ایسی ٹرانزیکشنز شامل ہو سکتی ہیں جو اس انداز میں ترتیب دی گئی ہوں کہ جن کے ذریعے سے ریکارڈ کرنے یا رپورٹ کرنے کے تقاضے پورے کرنے سے بچا جا سکے یا ایسی ٹرانزیکشنز شامل ہو سکتی ہیں جو غیر قانونی سرگرمیوں سے حاصل ہونے والی رقم کے ذریعے کو چھپاتی ہیں۔



# اپنے کاروبار کو ذمہ داری ے ساتھ چلانا

## ہمارے اثاثوں کا تحفظ

جب بات اپنے اثاثوں کے تحفظ کی آتی ہے، تو ہم پر حفاظت کے ضمن میں فعال اقدام اٹھانے کی نیز Parker کے اثاثوں، دستاویزات، خفیہ ڈیٹا اور معلومات، وسائل، اور جائیداد بشمول اپنی دانشورانہ ملکیت کا بہترین استعمال کرنے کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ مزید برآں، آپ کبھی بھی کسی ایسی سرگرمیوں کے لیے کمپنی کے سسٹمز کو استعمال نہیں کر سکتے جو قوانین، ہماری پالیسیوں کی خلاف ورزی کرتی ہوں یا Parker کی ساکھ کو نقصان پہنچا سکتی ہوں۔

## سائبر سکیورٹی

ڈیجیٹل سسٹمز، نیز ان میں زیر عمل لائی گئی اور ذخیرہ شدہ معلومات، Parker کے لیے انتہائی اہمیت رکھتی ہیں۔ ہر وہ شخص جو Parker کے ڈیجیٹل سسٹمز کو استعمال کرتا ہے — بشمول ملازمین اور فریقینِ ثالث مع وہ جنہیں صرف عارضی رسائی حاصل ہو — یقینی بنائیں کہ یہ وسائل موزوں طریقے سے استعمال ہوں اور متعلقہ تحفظِ ڈیٹا یا سائبر تحفظ کی پالیسیوں کے مطابق ہوں۔

کسی خلاف ورزی کی صورت میں، براہِ کرم اپنے سپروائزر سے فوری طور پر رابطہ کریں۔ آپ کا سپروائزر انفارمیشن ٹیکنالوجی کے محکمے کو اطلاع دے گا تا کہ یہ تعین کیا جا سکے کہ Parker کی خفیہ معلومات و ملکیتی وسائل کا کیسے تحفظ کیا جائے۔

## نجی اور ذاتی معلومات

ہم اپنے کاروبار، صارفین، ملازمین اور فریقینِ ثالث کے حوالے سے خفیہ ڈیٹا اور معلومات کا احترام کرتے ہیں اور ان کا تحفظ کرتے ہیں۔ ہم اپنے ملازمین اور فریقینِ ثالث کی جانب سے فراہم کردہ ذاتی معلومات کو اجازت اور Parker کی پالیسیوں اور ہدایات کے مطابق، یا قانون کے تقاضوں کے مطابق استعمال اور ظاہر کر سکتے ہیں۔ آپ کسی سابق آجر کی خفیہ معلومات استعمال نہیں کر سکتے۔

## منصفانہ مقابلہ اور اعتماد شکنی

ہم ادراک رکھتے ہیں کہ ہماری مسابقتی برتری ہماری پیشہ ورانہ مہارتوں اور ہماری مصنوعات، حل اور خدمات کی فراہمی کے معیار کے بہترین درجے کا ہونے کے ذریعے حاصل ہوئی ہے۔ ہم اپنے مسابقتی رویے میں مخلص ہیں اور کام حاصل کرنے یا دیگر فوائد بٹورنے کے لیے ذاتی ترغیبات نہیں دیتے۔ Parker قیمتوں کے بارے میں معلومات کا حریفوں کے ساتھ اشتراک نہیں کرتی یا ایسی کسی کاروباری روایت پر عمل نہیں کرتی جو دوسروں کو کاروباری منڈی میں مقابلے سے غیر منصفانہ طور پر روکے۔

# ٹیکنالوجی کے میدان میں جدت کی حامل کمپنی

Parker میں ہم دیانت داری پر مبنی اپنی ساکھ کو کمانے اور برقرار رکھنے کے لیے مسلسل بہتری کا حامل طرزِ فکر نافذ کرتے ہیں۔ Parker ایسے جدت پسند پیشہ ور ماہرین سے بھرا ہوا ہے جو ہر اس جغرافیائی خطے میں کہ جہاں ہم کاروبار کرتے ہیں، اخلاقی بنیادوں پر کاروبار کو آگے بڑھانے کے لیے ٹیکنالوجی مینجمنٹ سسٹمز کو استعمال کرے ہیں۔ ہم خطرات میں کمی اور Parker کو ایک ایسے مستقبل میں جگہ سنبھالنے کے لیے تیار کرنے کے لیے آٹومیشن، کلاؤڈ کی بنیاد پر قائم سسٹمز اور ڈیٹا اینالیٹکس کا استعمال کرتے ہیں، کہ جہاں مصنوعی ذہانت، بلاک چین، اور میٹاورس ہماری زندگیوں میں زیادہ فعال ہو جاتے ہیں۔

## مفادات کا تضاد

**ہم ایمانداری کے ساتھ، اخلاقیات کی بنیاد پر، اور Parker کے بہترین مفاد میں کردار ادا کرنے کی ذمہ داری رکھتے ہیں۔ ہمیں ایسی صورتحال سے لازماً بچنا چاہیئے جہاں ذاتی مفادات Parker کے مفادات کے ساتھ ٹکراتے ہوں، یا ٹکراتے دکھائی دیتے ہوں۔**

**سوال:** **میرا/میری شریکِ حیات Parker کے ساتھ کاروباری معاملات رکھنے والی ایک کمپنی میں افسر ہے۔ Parker میں میری ملازمت میں، مجھے بھی وقت بے وقت اس کمپنی سے رابطہ کرنا پڑتا ہے۔ کیا اس میں کوئی مسئلہ ہے؟**

**جواب:** یہ امر اہم ہے کہ تمام اصلی یا ممکنہ مفادات کے ٹکراؤ ظاہر کیے جائیں تا کہ کسی بھی مسئلے کا پیشگی اندازہ لگایا جا سکے اور اس سے بچا جا سکے۔ آپ کی صورتحال ممکنہ مفادات کے ٹکراؤ کی تصویر پیش کرتی ہے اور اسے مفادات میں ٹکراؤ کی پالیسی کے تحت ظاہر کیا جانا چاہیے۔

**سوال:** **ہمارے صارفین میں سے ایک مجھے ملازمت دینا چاہتا ہے۔ صارف ایک ایسے کاروبار کو شروع کرنے میں میری مدد لینا چاہتا ہے جو PARKER کے ساتھ مسابقت نہ کرے۔ میں صارف کے لیے صرف اس وقت کام کروں گا/کی جب میں PARKER کے لیے کام نہ کر رہا/رہی ہوں۔ کیا یہ قابلِ قبول ہے؟**

**جواب:** نہیں۔ اس انتظام میں مفاد کا ٹکراؤ دکھائی دیتا ہے۔ دیگر افراد یہ منطقی طور پر فرض کر سکتے ہیں کہ آپ اس صارف سے ترجیحی برتاؤ کرتے ہیں۔

### مفادات کے تضاد کی افشائیگی

Parker کے مفادات اور آپ کے ذاتی مفادات میں تضاد کے امکان کو آپ کو اپنے سپروائزر کے سامنے بیان کرنا چاہیے۔ آپ کا سپروائزر مفادات کے تضاد کو دور کرنے کے لیے آپ کے ہمراہ مل کر ایک منصوبہ تخلیق کرے گا اور اس کا نفاذ کرے گا۔ آپ اور آپ کے سپروائزر ایسے کسی بھی مفادات کے تضاد کی اطلاع انسانی وسائل کے محکمے کو دیں گے جسے آپ دور نہ کر سکتے ہوں، تا کہ وہ اسے مناسب طور پر حل کر یں۔

## اندرونی کنٹرولز

Parker کی بکس، ریکارڈز، اکاؤنٹس اور مالی اسٹیٹمنٹس موزوں تفصیلات کے ساتھ برقرار رکھی جائیں، جو کمپنی کی ٹرانزیکشنز کی درست طور پر عکاسی کرتی ہوں نیز Parker کے اندرونی اختیارات کے نظام کی پیروی کرتی ہوں۔



## تفریح، سفر، تحائف اور عطیات

لازماً جائز اور درست مقصد ہونا چاہیے۔ یہ امر اہمیت رکھتا ہے کہ تحائف، عطیات یا تفریح کی پیشکش کرنا اور/یا پیشکش قبول کرنا محدود مالیت اور تواتر کے ساتھ کیا جائے اور یہ کسی غلط کام یا نامناسب طور پر اثرانداز ہونے کی کوشش نہ دکھائی دے۔


**سوال:** **ہمارے فراہم کنندگان میں سے ایک نے مجھے یورپیئن فٹبال چیمپیئن شپ کے فائنل میچ کے لیے، جو کہ بیرون ملک منعقد ہو گا، دو ٹکٹس کی پیشکش کی ہے۔ کیا میں یہ ٹکٹس قبول کر سکتا/سکتی ہوں؟**

**جواب:** یہ یقینی بنانے کے لیے کہ یہ ایک موزوں تبادلہ ہے، آپ کو Parker کی تفریح، سفر، تحائف اور عطیات (ETGD) کی پالیسی کا جائزہ لینا چاہیے اور اس تحفے کو قبول کرنے سے قبل اپنے GeoMarket وکیل سے منظوری حاصل کرنی چاہیے۔

### سرکاری اہلکاروں سے روابط

**سوال:** **میرے ملک میں سرکاری ملکیتی تیل کی کمپنیوں کے نچلی سطح کے ملازمین کو تعطیلات کے دوران پھل، پنیر اور وائن کی ٹوکریوں جیسے تحفے دینا عام بات ہے۔ ہم ان سے کچھ بھی غیر قانونی کرنے کو نہیں کہتے یا PARKER سے ترجیحی سلوک کے لیے نہیں کہتے، نہ ہی ہمارا مقصد کسی بھی کاروباری سرگرمی کے نتائج پر اثرانداز ہونا ہوتا ہے۔ کیا ہم یہ تحفے دے سکتے ہیں؟**

**جواب:** سرکاری حکام کے لیے تمام تر تحفوں کے لیے، آپ کو Parker کے تعمیلی پورٹل (319parkerwellbore.com) میں ETGD سیکشن کے ذریعے منظوری حاصل کرنا ہو گی۔ تحفے کے موزوں ہونے کا تعین کرنے کے لیے آپ کو اپنے بہترین فہم کا بھی استعمال کرنا چاہیے۔



# فریقِ ثالث سے تعلقات

**Parker کے فریقینِ ثالث اور فراہم کنندگان ہماری کام کرنے کی صلاحیت اور اپنے صارفین کو مصنوعات اور خدمات کی فراہمی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ دوسروں سے معاملات طے کرتے ہوئے – خواہ فریقینِ ثالث ہوں، شراکت دار ہوں، فراہم کنندگان یا پھر صارفین ہوں – Parker احترام اور دیانت داری کے انہی اعلیٰ معیارات کی پیروی کرتا ہے جو اس ضابطے میں بیان کیے گئے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہمیں احتیاط کے ساتھ انہیں چننا چاہیے اور صرف انہی فریقینِ ثالث کے ساتھ کام کرنا چاہیے جو ہمارے جیسا دیانت داری کا عزم رکھتے ہوں، انسانی حقوق کی پیروی کے لیے سند یافتہ ہوں اور تمام نافذالعمل قوانین کی تعمیل کرتے ہوں۔**

**سوال: فریقینِ ثالث کے نمائندہ (TPRs) کون ہوتے ہیں؟**

**جواب:** ایسے فراہم کنندگان، تاجر، یا ثالثین - عام طور پر تنظیمیں یا افراد ہوتے ہیں- جو بیرونی فریقینِ ثالث جیسا کہ صارفین اور حکومتوں کے سامنے Parker کی نمائندگی کرتے ہیں۔

**سوال: کیا انسدادِ کرپشن قوانین TPRs پر نافذ ہوتے ہیں؟**

**جواب:** ہاں۔ انسدادِ کرپشن کے قوانین جیسا کہ US فارن کرپٹ پریکٹسز ایکٹ اور UK برائبری ایکٹ سرکاری حکام کو براہ راست غیر قانونی ادائیگیوں اور فریقینِ ثالث کو کاروبار حاصل کرنے یا قائم رکھنے سے روکتے ہیں۔ یہ قوانین فریقینِ ثالث جیسا کہ مشیر یا ایجنٹس کے ذریعے بالواسطہ ادائیگیوں سے بھی روکتے ہیں۔

PARKER WELLBORE

Energy. Well engineered.


ہیڈ کوارٹرز

City West Blvd, Suite 400 2103
Houston, TX 77042-2835

**+1 281.406.2000**

**www.parkerwellbore.com**


---

## اخلاقیات کی ہاٹ لائن

اخلاقات یا تعمیلی مسائل کے بارے میں رپورٹ کرنے کے لیے، ہماری اخلاقیات کی ہاٹ لائن (جو NAVEX گلوبل کے زیرِ انتظام ہے) پر رابطہ کریں جس کا پتہ ہے:

**parkerwellbore.ethicspoint.com**

اس ضابطے کے بارے میں عمومی سوالات کے لیے، براہِ کرم اپنے سپروائزر، انسانی وسائل کے کاروباری شراکت دار، قانونی محکمے، کاروباری دیانت داری اور تعمیلی محکمے سے بات کریں یا **compliance.specialist@parkerwellbore.com** پر رابطہ کریں۔